سوال

جبرائیل زرایہ توبتاؤتمھاری عمرکتنی ہیے؟

جواب

سیدنا جبرائیل کی عمر والی حدیث کی تحقیق السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ ایک حدیث ہے جو میں بچپن سے ہی بریلوی لوگوں سے سنتا آیا ہوں۔ برائے مہربانی اس حدیث کی صحت بیان کیجئے گا۔؟ سیرت حلبیہ جلد 1 صفحہ 30 کی حدیث کے مطابق نبی کریم ﷺ نے سیدنا جبرائیل سے ان کی عمر پوچھی توانہوں نے کہا کہ آسمان پر ایک ستارہ 70 ہزار سال بعد چمکتا تھا اور میں نے اسے 72 ہزار مرتبہ چمکتے ہوئے دیکھا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: وہ ستارہ میں ہی تھا۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! ایسی کوئی بھی روایت ہمارے علم میں نہیں ہے۔ اور جس کتاب (سیرت حلبیہ جلد 1 صفحہ 30) کا آپ نے اوپر حوالہ دیا ہوا ہے اس میں بھی یہ روایت مجھے نہیں مل سکی ہے۔ اس لئے بہتر ہے کہ اس کا حوالہ آپ لوگوں سے پوچھیں جو یہ بیان کرتے ہیں۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی